ಮಾರ್ಚ್/ಏಪ್ರಿಲ್ 2025 ರ ಪರೀಕ್ಷೆ-1
**MARCH/APRIL 2025 EXAMINATION-1**

ಒಟ್ಟು ಮುದ್ರಿತ ಪುಟಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 12 ]
Total No. of Printed Pages : 12 ]

ಒಟ್ಟು ಪ್ರಶ್ನೆಗಳ ಸಂಖ್ಯೆ : 38 ]
Total No. of Questions : 38 ]

**A**

**CCE RF/RR/PF/PR**

**ಸಂಕೇತ ಸಂಖ್ಯೆ : 66-U** **Code No. : 66-U**

# ವಿಷಯ : ತೃತೀಯ ಭಾಷೆ — ಉರ್ದು
# Subject : Third Language — URDU

(ಶಾಲಾ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಶಾಲಾ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ / ಖಾಸಗಿ ಪುನರಾವರ್ತಿತ ಅಭ್ಯರ್ಥಿ)
**(Regular Fresh / Regular Repeater / Private Fresh / Private Repeater)**

ದಿನಾಂಕ : 04. 04. 2025 ] [ Date : 04. 04. 2025
ಸಮಯ : ಬೆಳಗ್ಗೆ 10-00 ರಿಂದ ಮಧ್ಯಾಹ್ನ 1-00 ರವರೆಗೆ ] [ Time : 10-00 A.M. to 1-00 P.M.
ಗರಿಷ್ಠ ಅಂಕಗಳು : 80 ] [ Max. Marks : 80

**Cut here/ಇಲ್ಲಿ ಕತ್ತರಿಸಿ**

TEAR HERE TO OPEN THE QUESTION PAPER
سوالیہ پرچہ کھولنے کے لئے یہاں سے کاٹئے
یہاں سے کاٹئے
Tear here

## عام ہدایات :

1. سوالی پرچہ میں کُل 38 سوالات ہیں۔
2. یہ سوالی پرچہ کو پیچھے کی طرف سے سربمہر کیا گیا ہے۔ امتحان شروع ہونے کے وقت آپ کو پرچہ پڑھنے کے لئے اسے بائیں طرف سے کاٹنا ہوگا ( تیر کے نشان کو دیکھ لیجئے )۔ پرچہ کھولنے کے لئے دائیں طرف سے نہ کاٹیں۔ اچھی طرح دیکھ لیں کہ سوالی پرچہ کے سبھی صفحات ٹھیک ٹھاک ہیں۔
3. سوالات کے لئے دی گئی ہدایات کے مطابق جواب لکھیں۔
4. بائیں ہاتھ کے حاشئے پر پورے نشانات دیئے گئے ہیں۔
5. جواب دینے کا زیادہ سے زیادہ وقت سوالنامہ کے اوپر دیا گیا ہے۔ اس میں سوالی پرچہ پڑھنے کے لئے 15 منٹ شامل ہیں۔
6. آپ کو مہیا کیا گیا سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) اور آپ کے ہال ٹکٹ میں دیا گیا۔ سوالیہ پرچہ کا ورشن (Version) دونوں ایک ہی ہونا ضروری ( لازمی ) ہے۔

**I.** درجِ ذیل ہر سوال کے لئے چار متبادل جوابات دیئے گئے ہیں۔ ان میں سے سب سے مناسب جواب چُن کر لکھئے : **8 x 1 = 8**

1. وہ نظم جس میں خالقِ کائنات کی ثنا پیش کی جاتی ہے۔

(A) غزل (B) رُباعی

(C) حمد (D) نعت

2. غیر مستقل کلمہ کی قسم نہیں ہے۔

(A) حروفِ ربط (B) صفت

(C) حروفِ تخصیص (D) حروفِ فجائیہ

3. وہ کلمات جو دو اسماء یا ضمیر کے درمیان جوڑنے کا کام کرتے ہیں۔

(A) علامتِ اضافت (B) علامتِ مفعول

(C) علامتِ ظرفی (D) علامتِ فاعل

4. جب ایک جملے کا بیان دوسرے جملے میں ہوتا ہے تو یہ حروف کہلاتے ہیں۔

(A) وصل (B) شرط

(C) بیان (D) علّت

5. ''فنِ طب میں نفسیات سے بھی علاج کیا۔'' اس جملے میں حروفِ تخصیص ہے۔

(A) فنِ طب (B) نفسیات

(C) علاج (D) بھی

6. تعریف کے لئے استعمال ہونے والا حروفِ فجائیہ ہے۔

(A) کیا خوب (B) افسوس

(C) آہ (D) ہائے

7. وہ خطوط جو اپنے کُنبے، رشتے داروں، دوستوں اور ملنے جلنے والوں کو لکھے جاتے ہیں۔

(A) سرکاری خطوط (B) کاروباری خطوط

(C) دفتری خطوط (D) نجی خطوط

8. رباعی کا یہ مصرع قافیہ وردیف کا پابند نہیں ہوتا۔

(A) پہلا مصرع (B) دوسرا مصرع

(C) تیسرا مصرع (D) چوتھا مصرع

II. پہلے دو لفظوں کی مناسبت سے تیسرے لفظ کا جوڑ لکھیئے : **4 x 1 = 4**

9. شمع : مؤنث : : دِل : .........

10. جسم : اجسام : : مقصد : .........

11. رحمت : زحمت : : عروج : .........

12. تاب نہ لانا : برداشت نہ کرنا : : ستم ڈھانا : .........

**III.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے : **4 x 1 = 4**

13. ''نانوذرّات'' کی ضخامت کتنی ہوتی ہے ؟

14. محمد علی جوہر کا لقب کیا تھا ؟

15. ہمارا مدّعا کیا ہونا چاہیئے ؟

16. اکبرالہ آبادی کو کس بات کی پرواہ نہ رہی ؟

**IV.** درجِ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے : **8 x 2 = 16**

17. ریاستِ میسور پر کن کن خاندانوں نے حکومت کی ؟

18. پہلے دو کلرک کن کاموں پر فائز تھے ؟

19. شیخ حُسین عبداللہ بن علی سینا کب اور کہاں پیدا ہوئے ؟

20. ریاستِ میسور میں سر ایم وشویشوریا نے کونسے کارخانے قائم کئے ؟

21. مولانا محمد علی جوہؔر کے اُردو اور انگریزی اخبارات کے نام بتائیے۔

22. صبح سویرے پروفیسر راہیؔ کی مصروفیات کیا ہوتی تھیں ؟

23. سلیمان خطیب صاحب کا حلیہ بیان کیجئے۔

24. وہ کونسی باتیں ہیں جو ہمیں بدنام کرتی ہیں ؟

V. درجِ ذیل سوالات کے جوابات تین یا چار جملوں میں لکھئے : 9 x 3 = 27

بحوالۂ متن درجِ ذیل جملوں کی وضاحت کیجئے :

25. ''نہ کھائیں تو زندہ کیسے رہیں۔''

26. ''تو پھر آج رات کا کھانا آپ کے یہاں ہی رہے گا۔''

27. ''ہم اپنی ذات کو اپنی اولاد کو اور جان و مال کو وطن پر نثار کر چکے ہیں۔''

28. درجِ ذیل نثر نگاروں میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے :

(i) مجتبیٰ حُسین (ii) ڈاکٹر وحید انجم

29. درجِ ذیل شعراء میں سے کسی ایک کا تعارف لکھئے:

(i) مولانا ابوالبیان حمّادؔ (ii) عطاؔ کلیانوی

درجِ ذیل اشعار کی تشریح کیجئے :

30. موت کا ایک دن معین ہے
نیند کیوں رات بھر نہیں آتی

31. تماشائے دیر وحرم دیکھتے ہیں
تجھے ہر بہانے سے ہم دیکھتے ہیں

32. یہ پھول مجھے کوئی وراثت میں ملے ہیں
تم نے مرا کانٹوں بھرا بستر نہیں دیکھا

33. درجِ ذیل انگریزی تحریر کا اُردو میں ترجمہ کیجئے :

i) Education plays a very important role in our life.

ii) Without education we can not achieve any success in life.

iii) Education is essential for a brighter future.

**VI.** درجِ ذیل سوالات کے تفصیلی جواب لکھئے : **4 x 4 = 16**

34. آپ کی نصابی کتاب میں شامِل ''حمد'' کے چار اشعار اپنی یادداشت سے لکھئے۔

35. اُمّ المومنین حضرت عائشہؓ کی زندگی پر روشنی ڈالئے۔

یا

کلبرگی کی اہم عمارتوں پر نوٹ لکھئے۔

**درجِ ذیل تحریر کا بغور مطالعہ کیجئے اور نیچے دیئے گئے سوالات کے جوابات لکھئے :**

36. نور جہاں مغلوں کے شاہانہ دور کی ایک ملکہ تھی۔ ان کا اصل نام ''مہرانساء'' تھا اور وہ 1577ء میں افغانستان کے شہر قندھار میں پیدا ہوئی تھیں۔ ان کا خاندان ایران سے تعلق رکھتا تھا، ان کی پہلی شادی شیرافگن علی قلی خان سے ہوئی تھی جو ایک موچی تھا، اس شادی سے ان کی بیٹی لاڈلی بیگم پیدا ہوئیں۔ بدقسمتی سے 1607ء میں علی قلی کی وفات ہوئی۔ اس دوران جہانگیر نے تخت سنبھالا اور اچانک ان کی ملاقات مینا بازار میں مہرانساء سے ہوئی۔ نظر پڑتے ہی جہانگیر ان کے دیوانے ہو گئے۔ اور ایک ہی سال میں آپ اُن کی پسندیدہ بیگم بن گئیں۔ جہانگیر انہیں پیار سے نورمحل بھی کہتے تھے۔ جہانگیر کے نشہ کرنے کی وجہ سے اُنہوں نے حکومت کا مکمل کنٹرول اپنے ہاتھ میں لے لیا۔ اس وقت کے سکّے پر بھی نور جہاں کا نام چلنے لگا۔ آگرہ کو معاشرتی ترقی کا گڑھ تصور کیا جانے لگا، ان کے وقت میں ہی شاعری اور ایرانی تہذیب کو فروغ ملا۔

مصوری، خوبصورت باغات کی تخلیق، زیورات کے نِت نئے ڈیزائن اور قیمتی ملبوسات نور جہاں کی صلاحیتوں کے آئینہ دار ہیں۔ ان کی بے پناہ مقبولیت کے ڈر سے نور جہاں کے سوتیلے بیٹے نے انہیں نظر بند کر دیا۔

سوالات :

(i) نور جہاں کا اصل نام کیا تھا ؟

(ii) نور جہاں کب اور کہاں پیدا ہوئی ؟

(iii) جہانگیر اور نور جہاں کی ملاقات کہاں ہوئی ؟

(iv) نور جہاں کو کس نے نظر بند کیا ؟

**درجِ ذیل کسی ایک عنوان پر مضمون لکھئے :**

37. (i) انٹرنیٹ کے فائدے و نقصانات

**یا**

(ii) بڑھتی ہوئی مہنگائی

**VII.** خط کے اجزائے ترکیبی کا لحاظ رکھتے ہوئے درجِ ذیل خطوط میں سے کوئی ایک خط لکھئے : **1 x 5 = 5**

38. اپنے میر معلّم/معلّمہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں سندِ تبادلہ ( TC ) کی درخواست کی گئی ہو۔

یا

اپنے والد/ والدہ کے نام ایک خط لکھئے جس میں مدرسہ کے سالانہ جلسہ کا ذکر کیا گیا ہو۔

DO NOT WRITE ANYTHING HERE